سوال

(495) سحری کھانے کےلئے اذان دے سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان شریف میں سحری کھانے کےلئے اذان دے سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر دیں تو سنت کے خلاف ہوگا یا نہیں (دین محمد ساکن جبود نمبر 1)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ازان دے سکتے ہیں حدیث شریف میں آیا ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ صبح صادق سے پہلے اذان اس لئے دیتے ہیں کہ تم نماز تہجد کےلئے اٹھ سکو۔

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01ص652

محدث فتویٰ